چالیسویں کا ختم کب کرنا ہوتا ہے؟

مجیب: مولانا محمد اعظم عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2783

تاریخ اجراء: 04ذوالحجۃالحرام1445ھ/11جون2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

چالیسویں کا ختم چالیس دنوں بعد ہوتا ہے یا 35 دنوں بعد؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَایَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

فوت شدہ مسلمان کا چالیسواں کرنا، شرعی طور پر ایصال ثواب ہے، یعنی کلماتِ خیر اور بدنی ومالی عبادات کا ثواب کسی مسلمان کو پہنچانا، اوران تمام کی اصل قرآنِ پاک کی کئی آیات واحادیث اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کے افعال سے ثابت ہے، اور ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ ایصال ثواب جس دن، جس وقت بھی کیا جائے وہ پہنچتا ہے، اور اس کے لئے جو دن اور تاریخ مقرر کی جاتی ہے، وہ فقط مسلمانوں کی آسانی کے لئے کی جاتی ہے، جیسے لوگوں کی آسانی کی خاطر جماعت اور دیگر کاموں کے لئے ایک ٹائم مقرر کرلیا جاتا ہے، البتہ ایسے اعتقاد سے بچنا ضروری ہے کہ ایصال ثواب انہیں دنوں میں پہنچتا ہے اوران کے علاوہ نہیں، لہذا پینتیس یا چالیس دن بعد جب آسانی ہو یہ ختم کروایا جاسکتا ہے۔

فتاوی رضویہ میں امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: ”اموات کو ایصال ثواب قطعاً مستحب، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: من استطاع منکم ان ینفع اخاہ فلینفعہ "ترجمہ: جو اپنے بھائی کو نفع پہنچا سکے تو چاہیے کہ اسے نفع پہنچائے۔ اور یہ تعینات عرفیہ ہیں، ان میں اصلاً حرج نہیں جبکہ انھیں شرعاً لازم نہ جانے، یہ نہ سمجھے کہ انہی دنوں ثواب پہنچے گا آگے پیچھے نہیں۔ (فتاوی رضویہ، ج9، ص607، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

فتاوی فقیہ ملت میں سوال ہوا کسی شخص کا انتقال ہوا اور اس کے انتقال کے دوسرے روز ہی اس کے سوئم کی فاتحہ دے دی جاتی ہے پھر مرنے کے چوتھے دن، چالیسویں کی فاتحہ بھی دے دی جاتی ہے کیا ایسا کرنا درست ہے؟

جواب دیا گیا: انتقال کے بعد خاص کر تیسرے دن سوئم، دسویں دن دسواں اور چالیسویں دن چالیسواں کرنا ایک رسمی بات ہے، مردہ ڈوبتے ہوئے آدمی کی طرح ہوتا ہے اسے مدد کی ضرورت ہوتی ہے، اس لئے جتنی جلدی ہو سکے

اسے ثواب پہنچایا جائے تو بہتر ہے۔۔۔انتقال کے دوسرے دن سوئم اور چوتھے دن چالیسواں کے نام پر مردہ کو ایصال ثواب کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔(فتاوی فقیہ ملت،ج1،ص282،شبیر برادرز،لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net